| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| بابِ اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حدیثِ نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- دو مختصر احادیث کے مفہوم کو سمجھ سکیں۔
- اپنی زندگی میں ان احادیث کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ دعاؤں اور کلمات کی دہرائی کے لیے ان کے فلیش کارڈز چسپاں کریں اور طلبہ سے ان دعاؤں اور کلمات مع مختصر درود شریف کے معنی و مفہوم کے بارے میں سوال کریں۔

دُرست جوابات پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ انھیں بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی کہی بات حدیث کہلاتی ہے۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- تختہ تحریر پر "قرآن مجید" اور "حدیث" نمایاں کر کے لکھیں۔
- طلبہ کو دونوں کا واضح مفہوم بتائیں۔ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری آسمانی کتاب ہے جو ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر نازل کی گئی جبکہ حدیث سے مراد آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا کیا گیا ہر عمل اور کہی گئی ہر بات ہے۔
- طلبہ کو بتائیں آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے نہ صرف ہمیں دین کی تعلیمات سکھائیں بلکہ اُن پر عمل بھی کر کے دکھایا۔ چنانچہ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا ہر عمل اور بات حدیث کہلاتی ہے۔

- طلبہ کو واضح کریں کہ قرآن مجید کو سمجھنے اور اس کی تعلیمات پر عمل کرنے کے لیے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی احادیث پر عمل کرنا ضروری ہے۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ:** | **2منٹ** |

پڑھائے گئے تصوّر کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **6منٹ** |

طلبہ سے پوچھیں حدیث کا مفہوم کیا ہے؟

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

جماعت میں پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

| | |
|---|---|
| **سرگرمی برائے طلبہ:** | **5منٹ** |

طلبہ سے پوچھیں ہم درود پاک کب پڑھتے ہیں؟

| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حدیثِ نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- دو مختصر احادیث کے مفہوم کو سمجھ سکیں۔
- اپنی زندگی میں ان احادیث کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے حدیث کا معنی پوچھیں۔ دُرست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ تختہ تحریر پر مختلف اشارات لکھیں اور طلبہ کو ان اشارات کو کاپیوں پر اُتارنے کے لیے کہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| آخری نبی | حضرت عبداللہ | حضرت بی بی آمنہ | مکہ مکرمہ |

طلبہ سے سوال کریں یہ اشارات کس شخصیت سے متعلق ہیں۔ طلبہ سے جواب لیں پھر ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا نام مبارک لکھیں اور سب بچوں سے مختصر درود پاک پڑھنے کو کہیں۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے پوچھیں ہم انبیائے کرام علیہم السلام کے ناموں کے ساتھ کیا کہتے ہیں؟
- تختہ تحریر پر چند انبیائے کرام علیہم السلام کے نام لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| حضرت آدم علیہ السلام | حضرت نوح علیہ السلام | حضرت عیسیٰ علیہ السلام | حضرت موسیٰ علیہ السلام |

- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی اور رسول بھیجے ان تمام کے ناموں

کے ساتھ ہم علیہ السلام بولتے یا لکھتے ہیں جبکہ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے نام کے ساتھ ہم مختصر درود پڑھتے ہیں۔

- طلبہ سے کتاب کا صفحہ نمبر 9 کھولنے کا کہیں اور حدیث نمبر 1 پڑھائیں۔
- طلبہ کو حدیث کا مفہوم سمجھائیں کہ یہاں درود پاک پڑھنے کی فضیلت بیان کی گئی ہے کہ جو آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم پر درود پاک پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اُس پر دس بار رحمت بھیجتا ہے۔
- انھیں مزید بتائیں کہ درود شریف پڑھنے سے بندہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے حصار میں آجاتا ہے اور مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں۔
- انھیں بتائیں قرآن مجید میں بھی اللہ تعالیٰ نے ہمیں نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم پر درود پاک پڑھنے کا حکم دیا ہے۔
- طلبہ کو ہر وقت ادب کے ساتھ درود شریف پڑھنے کی تاکید کریں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے مختصر درود شریف زبانی سنیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کمرا جماعت میں درود شریف پڑھنے کا اہتمام کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حدیثِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- دو مختصر احادیث کے مفہوم کو سمجھ سکیں۔
- اپنی زندگی میں ان احادیث کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ہمارا دِینِ اسلام ہمیں دوسروں کے ساتھ اچّھا سلوک کرنے کا حکم دیتا ہے۔ اچّھے کام کرنے سے ہم ایک بہترین انسان بنتے ہیں اور مثالی معاشرہ قائم ہوتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** **20 منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۹ سے حدیث (۲) مع ترجمہ پڑھائیں۔
- انھیں بتائیں اچّھے اخلاق سے مراد اچّھی عادتیں ہیں جیسے:
  - دوسروں کی مدد کرنا۔
  - بڑوں کا ادب اور چھوٹوں سے پیار۔
  - مل جل کر رہنا۔
  - دوسروں کے ساتھ اچّھا سلوک کرنا۔
- طلبہ کو حدیثِ نبوی ﷺ سے حُسنِ اخلاق کی وضاحت کریں۔

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا فرمان ہے: ”کہ تم میں سے بہتر وہ ہے جس کا اخلاق سب سے بہتر ہے۔“ (صحیح بخاری)

- طلبہ سے حُسنِ اخلاق کی مزید صورتوں کے حوالے سے بات چیت کریں اور تاکید کریں کہ ہر ایک کے ساتھ اچّھے اخلاق سے پیش آئیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے تصور کو مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں: حسنِ اخلاق سے کیا مراد ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔ ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے صفحہ نمبر ۹ میں دی گئی سرگرمی کروائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

❖ آپ کون سے اچھے کام کرتے ہیں؟ کوئی سے پانچ کام لکھیں۔

<table>
<tr><td>________________</td><td>________________</td></tr>
<tr><td>________________</td><td>________________</td></tr>
<tr><td colspan="2">________________</td></tr>
</table>